ilmkidunya
علم کی دنیا

# Education - FA Part 2 Education Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Preparation Online Test

Q1. غریب طبقہ تعلیم کو وقت کا ضیاع کیوں خیال کرتا ہے؟

**Ans 1:** پاکستان میں تعلیم کا معیار بہت اچھا نہیں اور نہ ہی موثر انداز میں تعلیمی منصوبہ بندی کی گئی ہے جو لوگوں کے تعلیم کی طرف عمعومی رویے کو بہتر بنا سکے بلکہ تعلیم یافتہ ت روزگاروں نے عام لوگوں کوتعلیم کی اہمیت سے غافل کر دیا ہے.

---

Q2. معیار تعلیم کے ہندسی یا عددی پہلو سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ہم طلبہ کے حاصل کردہ انفرادی یا اجتماعی نمبروں،ان کی اوسط اور فیصد،مختلف مضامین میں حاصل کردہ نمبروں کی بنا پر سکولوں اور اساتذہ کے معیار تدریس کا اندازہ لگاتے ہیں لیکن یہ معیار تعلیم کو جاننے کا ہندسی یا عددی پہلو ہے جس کی بنیاد پر معیار تعلیم کا حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا.

---

Q3. اداروں میں نظم وضبط کی کمی میں استاد کا بھی کوئی کردار ہے؟

**Ans 1:** استاد ہمارے کی معاشرہ کا اہم حصہ ہیں.معاشرے میں پائے جانے والی تمام خوبیاں اور خامیاں لئے ہوئے تمام وہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے ذمہ دار ہیں،طلبہ کی شخصیت سازی اور اخلاقی تربیت بھی اساتذہ کی ذمہ داری ہے.

---

Q4. ترک مدرسہ میں لوگوں کے تعلیم کے بارے میں لوگوں کے عمومی رویے کا کیا کردار ہے؟

**Ans 1:** بچوں کے سکول چھوڑنے کی ایک عام وجہ تعلیم کے بارے میں لوگوں کی یہ سوچ ہے کہ تعلیم حاصل کرنا وقت کا ضیاع ہے کیونکہ تعلیم حاصل کرنے سے ملازمت نہیں ملتی اور دوسری طرف تعلیم یافتہ بچی محنت مزدوری کرنے کو عار سمجھتا ہے.

---

Q5. اولاد کی تربیت میں عورت کا کیا کردار ہے؟

**Ans 1:** ماں کے قدموں کے نیچے جنت کا ہونا بھی اسی وجہ سے ہےکہ اولاد کی تعلیم و تربیت میں ماں کا کردار باپ کی نسبت زیادہ ہے کیونکہ ماں آنے والی نسلوں کی تربیت کرتی ہےاور ہماری نسلوں کی اچھی تربیت اسی وقت ممکن ہے جب ہماری مائیں پڑھی لکھی ہوں،ماں کی گود بچے کی تعلیم کا ابتدائی گھوارہ ہوتی ہے.

---

Q6. معیار تعکیم جانچنے کے صفاتی پہلو سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** لوگ عام طور پر مختلف معاملات اور سرگرمیوں سے طلبہ،اساتذہ اعر تعلیمی اداروں کے معیار کا اندازہ لگاتے ہیں ان کو بہت بہتر بہتر درمیانہ اور درمیانے سے کم یا خراب کا نام دیتے ہیں.ایسا کرنا بھی دراصل معیار کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ہے جو معیار تعلیم جانچنے کا صفاتی پہلو ہے.

---

Q7. قدامت پسندی تعلیم نسواں کو کیسے متاثر کر رہی ہے؟

**Ans 1:** پاکستانی معاشرہ رسوم و رواجات میں جکڑا ہوا ہے،خود ساختہ اقدار اور قبائلی روایات افراد کی زندگی خصوصاً خواتین کی زندگی پر بچپن سے لے کر بڑھاپے تک اثرانداز ہوتی ہے،ان ہی رویوں اور اقدار کے باعث عورتوں کی تعلیم کو وقت اور پیسے کا ضیاع سمجھاجاتا ہے.

---

Q8. نظم و ضبط کی اہمیت کیا ہے؟

**Ans 1:** کسی بھی گھت معاشرے اور ملک کو کامیابی سے چلانے کے لئے نظم و ضبط ایک لازمی عنصر ہے،زندگی کے معاملات انفرادی ہوں یا اجتماعی نظم و ضبط کے بغیر کامیابی ممکن نہیں.ہم جب کوئی کام کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں ایسا کرنے کے لئے بعض اصولوں اور قوانین کی پابندی کرنی پڑتی ہے جن میں ہماری مرضی کا عمل دخل بہت کم ہوتا ہے.

---

Q9. معیار تعلیم سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** معیار تعلیم سے مراد تعلیم اور تعلیمی عمل میں شامل تمام عناصر کی خوبیاں اور صفات کی تعداد ان کی پائیداری کے ایک ایسے موازنے کانام ہے جو کم ازکم طے شدہ ہندی یا صفاتی سطح سے کیا جاتا ہے.

---

Q10. یونیسکو کے مطابق خواندگی سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** یونیسکو کے مطابق کسی زبان میں سمجھ بوجھ کر کم ازکم ایک پیراگراف پڑھنا،لکھنا اور بیان کرنا خواندگی کہلاتا ہے.

---